HBL PSL Pakistan Super League 6 2021

MATCH DIKHAO
20 FEB - 22 MAR

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز ایڈیشن 2021 میں چیمپئن بننے کے لیے پر عزم

لاہور،18 فروری 2021ء:

سابقہ کارکردگی:

دوہزار بیس: پانچویں پوزیشن

دوہزار انیس: چیمپئن

دوہزار اٹھارہ: چوتھی پوزیشن (ایلیمنٹر 1 میں شکست)

دوہزار سترہ: رنرزاپ

دوہزار سولہ: رنرزاپ

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو ایچ بی ایل پی ایس ایل کی تاریخ میں کامیاب ترین ٹیم ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس نے ایونٹ کے ابتدائی دو ایڈیشنز میں رنرزاپ رہنے کے بعد سال 2019 میں چیمپئین بننے کا اعزاز حاصل کیا مگر ایڈیشن 2020 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل نہیں کرسکی تھی۔

یہ پہلا موقع تھا کہ جب کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فینز، کوچز اور کھلاڑیوں کو شدید مایوسی کا سامنا کرنا پڑا تاہم بیس فروری سے شروع ہونے والے ایڈیشن 2021 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو ہیڈ کوچ معین خان اور کپتان سرفراز احمد کی خدمات حاضر ہیں۔ معین خان نہ صرف ٹی ٹونٹی کرکٹ کو بخوبی سمجھتے ہیں بلکہ وہ اپنا مفید تجربہ کھلاڑیوں کو منتقل کرنے کے بھی ماہر ہیں۔ وہ اپنے منصوبوں کی تکمیل میں بھی خاص عبور رکھتے ہیں۔

سرفراز احمد ٹی ٹونٹی کرکٹ فارمیٹ میں خود کو بہترین کپتان کے طور پر منوا چکے ہیں۔ بطور کپتان وہ اب تک 37 میں سے 29 میچز جیت چکے ہیں۔

بیس فروری سے شروع ہونے والے ایونٹ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کا سب سے اہم ہتھیار "یونیورس باس" یعنی کرس گیل ثابت ہوں گے۔ وہ کچھ میچز کے لیے فرنچائز کو دستیاب ہیں۔ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں ان کا ایک اپنا اسٹائل ہے، وہ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں ایسے تمام ریکارڈز بنا چکے ہیں کہ جو کسی بھی بیٹسمین کی خواہش ہو گی، ان میں:

سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ: 13584
سب سے زیادہ سنچریاں بنانے کا ریکارڈ:22
سب سے زیادہ نصف سنچریاں بنانے کا ریکارڈ:85
ٹی ٹونٹی کرکٹ میں انفرادی حیثیت میں سب سے زیادہ اسکور:175 رنز ناٹ آؤٹ
سب سے زیادہ چھکے لگانے کا ریکارڈ: 1001
ایک میچ میں سب سے زیادہ چھکے:18

یہ اعداد و شمار ثابت کرتے ہیں کہ وہ ٹی ٹونٹی کرکٹ کے سب سے بہترین اور منجھے ہوئے کھلاڑی ہیں۔ کرس گیل انگلش اوپنر ٹام بنٹن کے مؤثر پارٹنر ثابت ہو سکتے ہیں کیونکہ ٹام بنٹن بھی اننگز کے آغاز میں تیزی سے رنز بنانے کے طور پر جانے جاتے ہیں اور وہ حال ہی میں انگلینڈ، آسٹریلیا اور ٹی ٹین لیگ میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کر چکے ہیں۔

جنوبی افریقہ کے فاف ڈو پلیسی جو لیگ کے گزشتہ ایڈیشن میں پشاور زلمی کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ انہیں اس مرتبہ کرس گیل کے کور پلیئر کی حیثیت سے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ انٹرنیشنل مصروفیات کی وجہ سے کرس گیل کچھ وقت کے لیے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو دستیاب نہیں ہوں گے۔

معین خان کے بیٹے اعظم خان بھی کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے لیے ایک آئیڈیل کرکٹر کی رکھتے ہیں، وہ وکٹوں کے آگے اور پیچھے دونوں جگہوں پر عمدہ کاکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

دیگر کھلاڑیوں میں جنوبی افریقہ کے کیمرون ڈیلپورٹ اور آسٹریلیا کے بین کٹنگ سب سے نمایاں ہیں۔ بین کٹنگ نے تو گزشتہ ایڈیشن میں زبردست پاورہٹنگ کرکے ثابت کیا تھا کہ وہ کسی بھی وقت میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

آلراؤنڈرز کی بات کی جائے تو پاکستان کے محمد نواز اور انور علی بھی کسی سے پیچھے نہیں رہتے ، ان کھلاڑیوں کے بعد یہ وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ کوئٹہ کے پاس آخری اوورز کے لیے اچھی فائر پاور ہے۔ علاوہ ازیں، کپتان سرفراز احمد بھی اسٹرائیک ریٹ کو بہتر بنانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔

ان تجربہ کار کھلاڑیوں کے علاوہ کوئٹہ کے اسکواڈ میں نوجوان کھلاڑی صائم ایوب بھی موجود ہے، جنہوں نے انڈر 16 اور انڈر 19 میں تیز رفتار بیٹنگ کرکے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ بائیں ہاتھ کے اسپنر آرش خان بھی نپی تلی باؤلنگ کی اہلیت رکھتے ہیں۔

فاسٹ باؤلنگ کے شعبے میں محمد حسنین نے گزشتہ ایڈیشن میں 15 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ اس مرتبہ ان کے پاس ڈیل اسٹین جیسے تجربہ کار فاسٹ باؤلر سے سیکھنے کا موقع موجود ہوگا۔ ان کے علاوہ سہیل خان، نسیم شاہ اور عثمان شنواری بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔

اسپن باؤلنگ آلراؤنڈر محمد نواز کو افغانستان کے قیس احمد اور حال ہی میں ڈیبیو کرنے والے لیگ اسپنر زاہد محمود کا ساتھ نصیب ہوگا۔

اسکواڈ: سرفراز احمد (کپتان)، بین کٹنگ، محمد حسنین، محمد نواز، اعظم خان، نسیم شاہ، زاہد محمود، انور علی، کرس گیل، فاف ڈوپلیسی (کرس گیل کے متبادل)، ٹام بنٹن، عثمان شنواری، کیمرون ڈیلپورٹ، قیس احمد، عبدالناصر، صائم ایوب، آرش علی خان، ڈیل اسٹین اور عثمان شنواری۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4